
# آگاہی متعلق ویلفیئر اقدامات

بہاولپور پولیس

# ویلفیئر اقدامات

حاضر سروس ریٹائرڈ اور دوران سروس وفات پانے والے افسران و ملازمان، غازی صاحبان اور شہداء کی فلاح و بہبود کے لیے ذیل اقدامات کیے گئے ہیں جن کی تفصیل ذیل ہے۔ آپ اپنی درخواست بذریعہ HRMIS ایپ بھی دے سکتے ہیں۔ ایپ سے درخواست دینے کے طریقہ کار جاننے کے لیے لوگو پر کلک کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تعلیمی وظائف |   | ویڈنگ گفٹ |  |
| طبی مالی امداد |  | کفن دفن |   |
| ہیلپ ڈیسک ہسپتال |  | مالی امداد / قرضہ |   |


ویلفیئر اقدامات سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات یا رہنمائی کے لیے انچارج ویلفیئر معروف الرحمن SI موبائل نمبر 0304-9016797 یا محمد خالد ASI موبائل نمبر 0300-6831954 یا آفس کے نمبر 062-2504293 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

# HRMIS ایپ میں اکاؤنٹ بنانے کا طریقہ کار


گوگل Play store پر HRMIS لکھ کر سرچ کریں یا نیچے دیے گئے لنک پر کلک کرکے انسٹال کریں۔
https://play.google.com/store/search?q=HRMIS&c=apps&hl=en

ویلفیئر، شہدا اور متوفی والے آپشن پر کلک کرکے اپنی مطلوبہ ویلفیئر کا انتخاب کریں۔

**Step 1**




**Step 2**




Create Account پر کلک کرکے اپنا Account بنائیں۔


**Step 3**




Next

# HRMIS ایپ کے استعمال کا طریقہ کار

ویلفیئر کے ٹیب میں آنے کے بعد اپنے مطلوبہ آپشن پر کلک کر کے آپ بذریعہ HRMIS اپنی درخواست کا اندراج کرواسکتے ہیں۔




Back

# تعلیمی وظائف

1. سکیل نمبر 01 سے 05 کے تمام ملازمان کے بچوں کو میٹرک پاس کرنے پر پانچ ہزار دیے جاتے ہیں۔
2. انٹرمیڈیٹ میں زیر تعلیم تمام بچے جن کی پچھلی جماعت میں 65% سے زائد نمبر ہوں انکو سالانہ 25 ہزار دیے جاتے ہیں۔
3. ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام میں زیر تعلیم بچے جن کی پچھلی جماعت میں 65% سے زائد نمبر ہوں انکو ٹیوشن فیس، رجسٹریشن فیس، ایگزیمینشن فیس اور لائبریری فیس ادا کی جاتی ہے۔
4. BS انجینئرنگ 4 سالہ (پاکستان انجینئرنگ کونسل سے رجسٹرڈ پبلک یا پرائیویٹ ادارے میں زیر تعلیم ہوں)۔
5. تمام 4/5 سالہ BS(Hons) پروگرامز (طالب علم جو پرائیویٹ / سرکاری یونیورسٹی اور ہائیر ایجوکیشن اتھارٹی کے ساتھ رجسٹرڈ تعلیمی ادارے میں ریگولر تعلیم حاصل کر رہے ہوں۔
6. MBBS/BDS ڈگریز (طالب علم جو پرائیویٹ / سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل جو PMC کے ساتھ رجسٹرڈ تعلیمی ادارے میں ریگولر تعلیم حاصل کر رہے ہوں)۔
7. ایسے ملازمان جن کے بچوں نے حفظ القرآن مکمل کیا ہو ان کو 50 ہزار روپے دیے جاتے ہیں۔

Back

# ویڈنگ گفٹ

1. شہید کی بیٹی کی شادی پر 5 لاکھ روپے دیے جاتے ہیں۔
2. دوران سروس وفات پانے والے افسران و ملازمان کی بیٹی کی شادی پر 2 لاکھ روپے دیے جاتے ہیں۔
3. حاضر سروس فسران و ملازمان کی بیٹی کی شادی پر 1 لاکھ روپے دیا جاتا ہے۔
4. لیڈی افسران و ملازمان کی شادی پر 50 ہزار سلامی کے طور پر دیے جاتے ہیں۔

# طبی مالی امداد

ضلع بہاولپور میں بہترین نجی ہاسپٹلز / لیبارٹریز اور فارمیسز کے ساتھ ضلعی پولیس بہاولپور کے رعایت پر مبنی MOUs سائن کیے گئے ہیں۔ جن سے دوران سروس وفات پانے والے افسران وملازمان کی فیملیز، ریٹائرڈ پولیس ملازمان، شہداء فیملیز، غازی صاحبان اور حاضر سروس افسران وملازمان مستفید ہو سکتے ہیں۔ جو کہ بہاولپور پولیس کی ویب سائٹ پر آویزاں ہیں۔

(ویب سائٹ)/https://dpobwp.punjabpolice.gov.pk

1. اوپن ہارٹ سرجری کی صورت میں 2 لاکھ روپے جبکہ بیوی اور بچوں کے لئے 01 لاکھ روپے دیے جاتے ہیں۔
2. Differently Abled بچوں کے علاج کے لئے 3 لاکھ روپے
3. دل میں سٹنٹ کی صورت میں 1 لاکھ روپے جبکہ بیوی بچوں کے لیے 50 ہزار روپے دیے جاتے ہیں۔
4. کینسر ابتدائی سٹیج پر 2 لاکھ روپے جبکہ بیوی بچوں کے لئے 01 لاکھ روپے دیے جاتے ہیں۔
5. زیادہ خطرناک کینسر کی صورت میں 5 لاکھ روپے بیوی اور بچوں کے لئے ڈھائی لاکھ روپے دیے جاتے ہیں۔
6. گردے، جگر، بورن میرو ٹرانسپلانٹ کی صورت میں 10 لاکھ روپے جبکہ بیوی بچوں کے لئے 5 لاکھ روپے دیے جاتے ہیں۔
7. سماعت کے آلات کوکلیئر ڈیوائسز، جسم کے جیکٹس اور مصنوئی اعضاء جو ماہر کنسلٹنٹ کی سفارش پر مارکیٹس ریٹ کے مطابق مہیا کیے جاتے ہیں۔
8. Corneal ٹرانسپلانٹ اور مختلف میجر سرجریز کی صورت میں 5 لاکھ روپے ملازمان کے لیے جبکہ بیوی بچوں کے لئے ڈھائی لاکھ روپے دیے جاتے ہیں۔
9. ہیپاٹائٹس، بلڈ پریشر، شوگر وغیرہ کے امراض کی صورت میں 02 لاکھ جبکہ بیوی بچوں کے لئے 1 لاکھ روپے دیے جاتے ہیں۔
10. تھیلیسیمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کے علاج معالجے کے لئے ماہانہ 15 ہزار روپے ماہانہ اور CP کے علاج معالجہ کے لئے ماہانہ 10 ہزار دیے جاتے ہیں۔

Back

# کفن دفن

دوران سروس وفات پانے والے افسران وملازمان کی تدفین کے لئے وارثان کو 1 لاکھ روپے جبکہ ریٹائرڈ افسران کی وفات پر 50 ہزار روپے دیے جاتے ہیں۔

# ہیلپ ڈیسک ہسپتال

1. جناب IG صاحب کی ہدایت پر ضلع ہذا کے تمام سرکاری ہسپتالوں افسران و ملازمان اور انکی فیملی کے علاج معالجے کے لئے ہیلپ ڈسک قائم کیے گئے ہیں۔
2. تمام حاضر سروس افسران و ملازمان / ریٹائرڈ / غازی صاحبان / شہداء کی فیملیز / دوران سروس وفات پانے والے ملازمان کی فیملیز کے لئے بیماری کی صورت میں سرکاری ہسپتالوں سے مفت علاج کے لئے انگریزی ڈاکٹ جاری کیا جاتا ہے جس پر تمام ٹیسٹ بلکل مفت کیے جاتے ہیں۔ ویلفیئر برانچ سے ڈاکٹ جاری کروانے کے لئے اپنے افسران سے فارورڈ اپلیکیشن لانا ضروری ہے۔

میڈیکل ڈاکٹ کے حصول کے لیے آپ اپنی درخواست بذریعہ HRMIS ایپ بھی دے سکتے ہیں۔ ایپ سے درخواست دینے کے طریقہ کار جاننے کے لیے لوگو پر کلک کریں۔


Back

# میڈیکل ڈاکٹ کے حصول کا طریقہ کار


میڈیکل ڈاکٹ کے حصول کے لیے Other Services پر کلک کریں۔




Medical Docket کے آپشن پر کلک کریں۔




Application Form فل کر کے اپنی فارورڈ شدہ تحریری درخواست upload کر کے Submit کے بٹن پر کلک کریں۔




**نوٹ:** میڈیکل ڈاکٹ حاصل کرنے کے لیے تحریری درخواست لازمی طور پر اپنے متعلقہ انچارج / SHO / SDPO سے فارورڈ شدہ ہونی چاہیے۔

Back

# مالی امداد / قرضہ

مالی امداد و قرض کی صورت میں درخواست ہائے ویلفیئر برانچ میں جمع کروا سکتے ہیں۔

Back